# 22-08-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆SEBI کی صدرنشین کے اثاثہ جات اوراڈانی گروپ کے خلاف  تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے چیف منسٹر ریونت ریڈی، ڈپٹی چیف منسٹراور دیگرقائدین نے آج انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے دفتر پراحتجاجی مظاہرہ کیا۔

☆بھارت راشٹراسمیتی نے تمام کسانوں کے قرضے غیر مشروط طور پر معاف کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے آج تمام 119 اسمبلی حلقوں میں احتجاجی مظاہرے کئے۔

☆بی آر ایس نے ریاستی اورقومی سطحوں پراڈانی کے معاملہ پر کانگریس کے دہرے رویہ کوتنقید کانشانہ بنایا ہے۔

☆مرکزی وزیرشیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ صحت اورتغذیہ کے بغیر ویکست بھارت کاتصور ممکن نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر برائے دیہی ترقیات وزراعت شیوراج سنگھ چوہان نے آج دہلی کے سشما سوراج بھون قومی کانفرنس سنگھاٹن سوستیا سمریدھی کاافتتاح کیا۔ یہ کانفرنس غذا اورصحت پرخواتین کی مجموعی کاوشوں کے بارے میں منعقد کی جارہی ہے۔شیوراج سنگھ چوہان نے اپنی تقریر میں کہا کہ ملک کے لئے صحت اورتغذیہ بہت ضروری ہے اوراس کے بغیر ویکست بھارت کاتصورنہیں کیا جاسکتا۔اس موقع پر مملکتی وزیر دیہی ترقیات ومواصلات ڈاکٹر چندر شیکھر نے کہا کہ اپنی مدد آپ گروپ صرف گروپ ہی نہیں ہے بلکہ ملک کی ترقی کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔اس کانفرنس سے نیتی آیوگ کے رکن ڈاکٹر وی کے پال نے بھی خطاب کیا۔انہوں نے زمینی سطح پرصحت عامہ کی بنیادی سہولتوں اوراپنے تجربات پر روشنی ڈالی۔

☆☆☆☆☆

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹراپتی بھون میں ممتاز سائنسدانوں کوراشٹریہ وگیان پرسکار 2024 پیش کیا۔صدرجمہوریہ نے پروفیسر گوئندراجن پدمانابھن کو وگیان رتنا 2024 پیش کیا۔ڈاکٹر آنند رام کرشنن نے زرعی سائنس کے شعبہ میں وگیان شری ایوارڈ حاصل کیا۔ بھابھا اٹامک ریسرچ سنٹر ممبئی کے ڈاکٹر اویلش کمار تیاگی کو آٹمی توانائی کے شعبہ میں وگیان شری ایوارڈ سے نوازا گیا۔انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس ایجوکیشن اینڈ ریسرچ کے پروفیسر جینت بالا چندراودگاونکر نے حیاتیاتی سائنس کے شعبہ میں وگیان شری ایوارڈ حاصل کیا۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد میں سی بی آئی مقدمات کے خصوصی جج نے سنٹرل بینک آف انڈیا کی بولارم برانچ کے سابق برانچ منیجر کو بینک کونقصان پہنچانے کے ایک مقدمہ میں دوسال کی سزائے قید سنائی اور 65 ہزارروپئے جرمانہ عائد کیا۔سابق برانچ منیجر کے راجاراؤ کے علاوہ عدالت نے دیگر دوافراد ڈی سنجیوا ریڈی اور کے رمنا ریڈی کوایک سال کی قید بامشقت سنائی اور پندرہ ہزارروپئے کا جرمانہ عائد کیا۔سی بی آئی نے جولائی 2004 میں راجاراؤ اور دیگر دوافراد کے خلاف ایک مقدمہ درج کیا تھا۔اس وقت کے برانچ منیجر پرالزام تھا کہ انہوں نے 2002ء میں ایک خانگی کمپنی کے مالک کے ساتھ سازش کرتے ہوئے سنٹرل بینک آف انڈیا کو دھوکہ دیا۔عدالت  نے ملزمین کوخاطی پایا اورانہیں سزا سنائی۔

☆☆☆☆☆

SEBI کی صدرنشین مدھابی پوری بچ کے اثاثہ جات اوراڈانی گروپ کے خلاف انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے ذریعہ تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے چیف منسٹر ریونت ریڈی، ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرما آرکا اور دیگر سینئر قائدین نے آج گن پارک کے قریب انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے دفتر پراحتجاجی مظاہرہ کیا۔ ریونت ریڈی اوردیگر قائدین نے بشیر باغ میں ای ڈی کے دفتر کے سامنے دھرنا منظّم کیا۔آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی اپیل پر ریاست میں کانگریس پارٹی نے احتجاجی مظاہرے منظّم کئے۔سچائی کی ہوگی جیت کے نعروں کے ساتھ پوسٹرس تھامے ہوئے قائدین نے مرکزی حکومت کے رویہ کے خلاف نعرے بلند کئے۔اس موقع پر ریونت ریڈی نے اپنی تقریر میں اس حملہ کی تحقیقات کیلئے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی تشکیل دینے کے اپوزیشن پارٹیوں کے مطالبہ کومسترد کرنے پر وزیراعظم نریندر مودی کوتنقید کانشانہ بنایا۔ بعد میں ریونت کی قیادت میں ایک وفد نے اڈانی گروپ کے خلاف ای ڈی تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے ای ڈی عہدیدار کوایک یاداشت پیش کی۔

مادیگا ریزرویشن پوراٹا سمیتی کے بانی مندا کرشنا مادیگا اور دیگر قائدین نے آج حیدرآباد میں چیف منسٹر ریونت ریڈی سے ان کی قیام گاہ پر ملاقات کی۔ کرشنا مادیگا اور دیگر قائدین نے چیف منسٹر سے درخواست کی کہ وہ درجہ فہرست ذاتوں کی درجہ بندی کے سلسلہ میں سپریم کورٹ کے فیصلہ پر ریاست میں عمل آوری کو یقینی بنائیں۔ ریاستی وزیر صحت داموودر راج نرسمہا، گورنمنٹ وہپ لکشمن اور دیگر قائدین موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد سٹی پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ رات کے اوقات میں خواتین کیلئے مفت سفر کی سہولت کے بارے میں سوشیل میڈیا پر پھیلائی جارہی گمراہ کن اطلاع سے چوکس رہیں۔ سوشیل میڈیا پر ایک پوسٹ کے مطابق حیدرآباد پولیس نے رات دس بجے اور صبح چھ بجے کے درمیان تنہا سفر کرنے والی خواتین کیلئے مفت سفر کی سہولت فراہم کی ہے۔ اس میں کہا گیا تھا کہ کوئی بھی خاتون ہیلپ لائن نمبر پر ربط قائم کرتے ہوئے گھر واپس جانے کیلئے پولیس کی گاڑی کی درخواست کرسکتی ہے۔ حیدرآباد پولیس نے اس پوسٹ کو گمراہ کن قرار دیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے ٹی جی پی ایس سی گروپ 2 کے امتحانات کی تواریخ کا اعلان کردیا ہے۔ گروپ 2 کا پرچہ اوّل جنرل اسٹڈیز اور جنرل ایبلیٹیز پندرہ ڈسمبر کو صبح دس اور دوپہر ساڑھے بارہ کے درمیان ہوگا۔ گروپ 2 کا پرچہ دوم ہسٹری، پولٹی اور سوسائٹی اسی دن دوپہر تین بجے سے شام ساڑھے بجے بجے تک ہوگا۔ گروپ ٹو کا پرچہ سوم اکنامی اور ڈیولپمنٹ 16 ڈسمبر کو صبح دس اور ساڑھے بارہ بجے کے درمیان ہوگا۔ پرچہ چہارم تلنگانہ مومنٹ اور اسٹیٹ فارمیشن دوپہر تین اور شام ساڑھے بجے کے درمیان ہوگا۔

☆☆☆☆☆

بھارت راشٹر اسمیتی نے تمام کسانوں کے قرضے غیر مشروط طور پر معاف کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے آج تمام 119 اسمبلی حلقوں میں احتجاجی مظاہرے کئے۔ پارٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ کانگریس حکومت اپنے انتخابی وعدہ کے مطابق ہر کسان کے دولاکھ روپئے تک کے قرضے معاف کرے۔ منڈل اور حلقوں کی سطح پر احتجاجی مظاہرے منعقد کئے گئے۔ بی آر ایس کے کارکنوں اور کسانوں نے سڑکوں پر نکل کر احتجاج کیا۔ حالانکہ پولیس نے انہیں چند مقامات پر روکنے کی کوشش کی۔ احتجاجیوں نے کسان طبقہ سے کئے گئے وعدہ کو پورا کرنے میں ناکامی پر چیف منسٹر ریونت ریڈی پر تنقید کی اور قرضوں کی معافی کے سلسلہ میں فوری کارروائی کا مطالبہ کیا۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے چیوڑلہ میں پارٹی کے احتجاجی مظاہرے کی قیادت کی۔ بی آر ایس کے سینئر لیڈر اور سدی پیٹ کے ایم ایل اے ہریش راؤ نے یدادری بھونگیری ضلع میں آلیر کے مقام پر دھرنا دیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ صرف 18 ہزار کروڑ روپئے تقسیم کئے گئے ہیں۔ جس کے نتیجے میں کئی کسان پریشان ہیں۔ اس دوران بی آر ایس اور کانگریس کے قائدین کے درمیان صورتحال اس وقت کشیدہ ہوگئی جب دونوں پارٹیوں کے حامیوں نے ایک دوسرے پر پتھراؤ کیا۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب بی آر ایس اور کانگریس کے قائدین نے ایک دوسرے کے خلاف احتجاجی مظاہرے کئے۔ پولیس نے صورتحال کو قابو میں کرنے کیلئے مداخلت کی۔ جھڑپ کے بعد کئی افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ پولیس نے نظم وضبط کو بحال کرنے کی کوشش کی۔ سوریا پیٹ ضلع میں دھرنے کے دوران سابق وزیر جگدیش ریڈی نے ضلع میں ترمل گیری کے مقام پر بی آر ایس کے پرامن مظاہرین پر کانگریس کے حملوں کی مذمت کی۔ انہوں نے کانگریس پارٹی پر الزام لگایا کہ وہ اپنی پوری نہ ہونے والی ضمانتوں پر توجہ ہٹانے کیلئے ریاست میں گڑبڑ کرنے کی کوشش کررہی ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کی ایم ایل سی کے کویتا کو جیل میں خرابی صحت کی وجہ سے طبی معائنہ کیلئے دہلی کے ایمس لیجایا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ کویتا وائرل بخار میں مبتلا ہیں انہیں تہاڑ جیل کے ڈاکٹروں کی سفارش پر ہاسپٹل لایا گیا۔ دہلی ایکسائز پالیسی کیس میں منی لانڈرنگ کے الزام میں کویتا عدالتی تحویل میں ہیں۔ کویتا تقریباً 160 دن سے جیل میں ہیں۔ دہلی کی روز اوینیو کورٹ نے حال ہی میں ان کی تحویل میں دو ستمبر تک توسیع کردی ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے ریاستی اور قومی سطحوں پر اڈانی کے مسئلہ پر کانگریس کے دہرے معیار کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف چیف منسٹر ریونت ریڈی تلنگانہ میں سرمایہ کاری کیلئے اس کمپنی کے سامنے سرخ قالین بچھا رہے ہیں دوسری طرف کانگریس ہائی کمان اڈانی کی کمپنیوں کو وزیراعظم نریندر مودی کی پاکٹ کمپنیاں قرار دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اڈانی گروپ کے ساتھ معاہدے کئے ہیں۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر نے ریونت ریڈی اور دیگر کانگریسی قائدین کے احتجاج کو اس سال کا سب سے بڑا لطیفہ قرار دیا۔

☆☆☆☆☆

آندھراپردیش کے انکاپلی ضلع میں ایک دواساز کمپنی میں ری ایکٹر کے دھماکہ سے فوت ہونے والوں کی تعداد 17 ہوگئی ہے۔ کل اچوتاپورم کے اسپیشل اکنامک زون میں اسینشیا نامی کمپنی کے پلانٹ میں دھماکہ ہوا تھا۔ اس واقعہ میں 35 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمی ملازمین اناکاپلی اور وشاکھاپٹنم کے مختلف دواخانوں میں زیرعلاج ہیں۔ دو زخمیوں کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ چیف منسٹر چندرابابو نائیڈو نے آج وشاکھاپٹنم میں زیرعلاج زخمیوں کی عیادت کی اور مہلوکین کے خاندانوں کو پرسہ دیا۔

☆☆☆☆☆